بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایک رمضان میں کئی روزے توڑنے سے کفارہ کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کسی شخص نے ہی ایک رمضان کے اگر ایک سے زائد روزے توڑ دیے تو ایک کفارہ واجب ہو گا یا جتنے روزے توڑے ہوں اتنے کفارے واجب ہوں گے؟

**سائل: محمد انس، کراچی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس صورت میں صرف ایک کفارہ لازم ہو گا البتہ ہر روزے کی قضاء الگ الگ رکھنا لازم ہو گی۔

علامہ زین الدین بن ابراہیم بن محمد المعروف ابن نجیم الحنفی (ت970ھ) لکھتے ہیں:

وَلَوْ جَامَعَ مِرَارًا فِي أَيَّامٍ مِنْ رَمَضَانَ وَاحِدٍ وَلَمْ يُكَفِّرْ كَانَ عَلَيْهِ كَفَّارَةٌ وَاحِدَةٌ لِأَنَّهَا شُرِعَتْ لِلزَّجْرِ وَهُوَ يَحْصُلُ بِوَاحِدَةٍ.

(البحر الرائق شرح کنز الدقائق: ج2 ص298 باب مایفسد الصوم ومالا یفسد)

ترجمہ: اگر کسی شخص نے ایک ہی رمضان میں اپنی بیوی سے کئی بار جماع کر لیا (یعنی روزہ توڑ ڈالا) اور ابھی تک کفارہ نہیں دیا تھا تو اس شخص پر ایک ہی کفارہ لازم ہے۔ وجہ یہ ہے کہ کفارہ تنبیہ کرنے کے لیے لازم کیا گیا ہے اور تنبیہ ایک بار کفارہ لازم کرنے سے حاصل ہو جاتی ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**24-اپریل 2021ء**